http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے کو 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی

چیف ایڈیٹر عبدالمنصور

نیوز

جلد : 24 | 15 جمادی الثانی 1448ھ جمعرات 26 نومبر 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 145

عوام کو سائبر جرائم سے تحفظ فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے: وزیراعظم



صدر و وزیراعظم کی پاکستان کے پہلے خلا باز مشن پر قوم کو مبارکباد

پاکستانی خلا باز کا خلائی مشن ملک کی تاریخ میں اہم سنگ میل ہوگا، مسلح افواج اور قومی اداروں کی کوششیں پاکستان کی بڑھتی ہوئی سائنسی صلاحیتوں کی عکاس ہیں، شہباز شریف

مشن میں پاکستان کی تاریخی شرکت پر قوم کو مبارکباد دی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پہلے خلا باز کے سائنسی سفر میں اہم سنگ میل اور باعث فخر قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ ایک عظیم موقع ہے، مشن میں پاکستان کی تاریخی شرکت پر قوم کو مبارکباد دی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ یہ ایک عظیم موقع ہے، مشن میں سائنس، تحقیق اور ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے پاکستان کی کاوشوں کو اجاگر کرنے کا ذریعہ بنے گا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ یہ ایک عظیم موقع ہے، میں الفاظوں میں اپنے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

یہ ایک عظیم موقع ہے، الفاظوں میں جذبات کا اظہار نہیں کرسکتا، احسن اقبال

جیو چوان (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ یہ ایک عظیم موقع ہے، میں الفاظوں میں اپنے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

سعودی عرب کے مشرقی صوبے میں چار ڈرون حملے ناکام، حوثیوں کا راس تنورہ ریفائنری پر حملے کا دعویٰ



حوثیوں کی سعودی بندرگاہ حدیدہ پر حملے دوبارہ کرنے کا اعلان جاری

صنعاء، ریاض (اینٹرنگ ڈیسک) ایران کے حوثی گروہ نے سعودی بندرگاہوں کو نشانہ بنانے کی دھمکی دیتے ہوئے شہریوں اور عملے کو فوری طور پر محفوظ مقامات پر منتقل ہونے کا انتباہ جاری کردیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حوثی ترجمان یحییٰ سریع نے اپنے بیان میں کہا کہ آج حدیدہ بندرگاہ کو نشانہ بنایا گیا تاہم سعودی بندرگاہوں کو بھی جلد بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

سربراہان پاک فوج کی تاریخی خلائی مشن کی کامیابی پر قوم کو مبارکباد



پاکستان کی تاریخ میں خلائی سفر کا نیا باب رقم

شین ژو 24 دیانگ گونگ

خلائی اسٹیشن سے

کامیابی کے ساتھ منسلک



پاکستان کا پہلا انسانی خلائی مشن ملکی سائنسی، تکنیکی ترقی میں سنگ میل ہے، مسلح افواج کا اس تاریخی مشن میں تعاون اور عوام سے اظہار تشکر، پاک چین دوستی نے زمین کی سرحدوں سے آگے خلا کی وسعتوں کو چھو لیا، خلائی سفر میں داخلہ یکی افراد کی قوت اور سائنسی صلاحیتوں کا مظہر ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی، جیو چوان (بیورو رپورٹ + مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور چین کے خلائی تعاون میں نیا سنہری باب رقم، چین اور پاکستان کا مشترکہ خلائی مشن شین ژو 24 خلا میں پہنچ گیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سمیت چین، پاکستان کے اعلیٰ حکام کی مبارکباد، پاکستان کے پہلے انسانی خلائی مشن کی تاریخی کامیابی پر قوم سپاہ کو خراج تحسین پیش کیا۔ آئی ایس پی آر نے سائنسی تکنیکی میدان میں تعاون پر چین کی قیادت، حکومت اور عوام سے اظہار تشکر کیا۔ مشن میں شامل عملے کے ارکان کی واپسی کی بھی خبر دی ہے۔ امام سرور پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) نے سائنسی اور سائنٹفک کیریئر کی مبارکباد وصول کی ہے۔ امام سرور پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) نے سائنسی تکنیکی میدان میں تعاون پر چین کی قیادت، حکومت اور عوام سے اظہار تشکر، پاک چین دوستی نے زمین کی سرحدوں سے آگے خلا کی وسعتوں کو چھو لیا، خلائی سفر میں داخلہ یکی افراد کی قوت اور سائنسی صلاحیتوں کا مظہر ہے، آئی ایس پی آر



پاکستانی خلا باز محمد زیشان علی کی انٹرنیشنل خلائی اسٹیشن پہنچنے کے بعد اپنے ساتھیوں کے ہمراہ مختلف تصاویر



بلوچ کالونی کے قریب زیر تعمیر 6 منزلہ عمارت منہدم

3 جاں بحق 14 زخمی

ملبے تلے 40 سے 45 مزدوروں کی موجودگی کا خدشہ، ریسکیو آپریشن جاری؛ عمارت کا نقشہ گراؤنڈ پلس ون منظور تھا، کشمر کراچی کا غیر قانونی تعمیرات کا اعتراف

مذکورہ پلاٹ رہائشی ہے اور اس کا منظور شدہ نقشہ جمعیت، گراؤنڈ پلس ون کا تھا، 10 مارچ 2026ء کو عبداللہ شکیل کے نام سے نقشے کی منظوری دی گئی تھی، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلوچ کالونی کے قریب ایڈمنسٹریٹو اسسٹنٹ کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (ایڈمن سوسائٹی) میں ہفتہ 7 بجے کے بلاک نمبر 163 پر زیر تعمیر چھ منزلہ عمارت کا بائی سیکشن منہدم ہونے کے المناک واقعے میں تین افراد جاں بحق جبکہ 14 زخمی ہوگئے۔ نزدیک پلاٹ نمبر 163 پر زیر تعمیر چھ منزلہ عمارت کا بائی سیکشن منہدم ہونے کے المناک واقعے میں تین افراد جاں بحق جبکہ 14 زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ٹیموں نے ملبے سے تین لاشیں اور 14 زخمیوں کو نکالا جن میں چوتھ کریجویٹ میڈیکل سینٹر (جے پی ایم سی) منتقل کردیا، جبکہ مزید افراد کے ملبے تلے ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے۔ امدادی کاموں کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر ساؤتھ ڈاکٹر سیف الرحمٰن نے بتایا کہ ریسکیو آپریشن جاری ہے، ملبے تلے 40 سے 45 مزدوروں کی موجودگی کا خدشہ، ریسکیو آپریشن جاری؛ عمارت کا نقشہ گراؤنڈ پلس ون منظور تھا، کشمر کراچی کا غیر قانونی تعمیرات کا اعتراف



کراچی ایڈمنسٹریٹو سوسائٹی میں عمارت گرنے پر وزیراعلیٰ سندھ کا سخت نوٹس

قصوروار کسی کو نہیں چھوڑیں گے، مراد علی شاہ

قریبی عمارتوں کا بھی حفاظتی معائنہ کیا جائے، امدادی کارروائیاں تیز اور زخمیوں کو فوری بہتر امداد فراہم کی جائے، مراد علی شاہ

سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کو عمارت کے منظور شدہ نقشے، تعمیراتی معیار اور ممکنہ غفلت کی جانچ پڑتال کرنے کا حکم بھی دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے جائے وقوعہ کا دورہ کیا، جہاں چیف آپریٹنگ آفیسر ریسکیو 1122 ڈاکٹر عابد جلال الدین شیخ نے انہیں جاری ریسکیو آپریشن کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ وزیراعلیٰ سندھ کو امدادی کارروائیوں، ریسکیو ٹیموں کی کارکردگی اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)



بلوچ کالونی میں عمارت منہدم ہونے پر صدر مملکت کا اظہارِ افسوس، جامع تحقیقات کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کراچی کی بلوچ کالونی میں عمارت منہدم ہونے کے واقعے پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سندھ حکومت کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

1971 میں بھارت نے بنگالیوں کی مدد نہیں کی بلکہ پاکستان کو کمزور کیا، اسپیکر بنگلادیشی پارلیمنٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بنگلادیش کی پارلیمنٹ کے اسپیکر حافظ الدین احمد کہا ہے کہ 1971 میں بھارت نے بنگالیوں کی مدد نہیں کی بلکہ پاکستان کو کمزور کیا۔ اسلام آباد میں پارلیمنٹ کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو میں اسپیکر بنگلادیشی پارلیمنٹ حافظ الدین احمد کا کہنا تھا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کردی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کردیا ہے اور اس حوالے سے آئل ایڈجسٹمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا۔ اوگرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

بہتر مستقبل کے خواب آنکھوں میں سجائے نکلنے والے نوجوان سمندر کی لہروں کی نذر

سیاسی رہنماؤں کا اظہارِ افسوس

لیبیا میں تارکینِ وطن کی کشتی ڈوبنے سے 35 پاکستانی نوجوان جاں بحق

کشتی میں سوار باقی نوجوانوں کی تعداد تاحال معلوم نہیں تاہم سوشل میڈیا پر حادثے میں متاثر ہونے والے نوجوانوں کی تصاویر بھی زیر گردش ہیں، کچھ خاندانوں کو جاں بحق ہونے والے نوجوانوں کی اطلاع ایجنٹ نے دی، حادثے کے بعد کئی گھروں میں بے چینی کی کیفیت پائی جارہی ہے، ذرائع

پنڈادر (بیورو رپورٹ) لیبیا کے ساحل کے قریب تارکین وطن کی کشتی ڈوبنے کے المناک واقعے میں 35 پاکستانی نوجوان جاں بحق ہوگئے، جس پر سیاسی رہنماؤں نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے تعزیت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لیبیا میں پرسپ تارکین وطن کی کشتی ڈوبنے کے المناک واقعے میں 35 پاکستانی نوجوان جاں بحق ہوگئے، جس پر سیاسی رہنماؤں نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے تعزیت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لیبیا میں پرسپ جانے والی تارکین وطن کی کشتی ڈوبنے کا المناک واقعہ سامنے آیا ہے جس میں باجوڑ کے متعدد نوجوان بھی شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق باجوڑ سے رکن قومی اسمبلی اور وزیراعظم کے مشیر مبارک زیب خان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

ایران جنگ جنوری کے آخر تک جاری رکھنے کے لیے فنڈز موجود ہیں، ٹرمپ



واشنگٹن (اینٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ جاری رکھنے کے لیے امریکا کے پاس جنوری کے آخر تک فنڈز موجود ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی صدر نے کانگریس میں ڈیموکریٹس کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ اگر انہوں نے جنگ روکنے کی کوشش کی تو امریکا کی فوجی کامیابی مکمل میں تبدیل ہوسکتی ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

ایران کو دبانے، جھکانے کی کوشش کرنے والوں کو سخت نتائج بھگتنا ہوں گے، امیر حاتمی



تہران (اینٹرنگ ڈیسک) ایرانی فوج کے سربراہ میجر جنرل امیر حاتمی نے خبردار کیا ہے کہ ایران کو آسانی سے دبایا یا جھکایا نہیں جاسکتا اور ایسا کرنے والوں کو سخت نتائج بھگتنا ہوں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق میجر جنرل امیر حاتمی نے اپنے بیان میں کہا کہ مسلط کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)



کراچی میں دو دہائیوں میں 45 سے زائد عمارتیں منہدم

160 سے زائد افراد جاں بحق، 500 سے زائد عمارتیں اب بھی ناقابل رہائش

کراچی میں گزشتہ دو دہائیوں کے دوران عمارتوں کے گرنے کے واقعات ایک المناک اور مسلسل جاری رہنے والا سانحہ ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق اس عرصے میں 45 سے زائد عمارتیں منہدم ہوئیں، جن میں 160 سے زائد افراد جاں بحق اور سیکڑوں زخمی ہوئے۔ کراچی میں پیش آنے والے کچھ بڑے اور ہلاکت خیز واقعات میں مارچ 2020 میں رضویہ سوسائٹی، گل بہار میں ایک پانچ منزلہ رہائشی عمارت منہدم ہونے سے 27 افراد جاں بحق اور 40 سے زائد زخمی ہوئے، جبکہ جون 2020 میں کھڈا مارکیٹ، لیاری میں ایک اور پانچ منزلہ عمارت گرنے کے نتیجے میں 22 افراد جان سے گئے۔

دسمبر 2021 میں پراچہ چوک، شیر شاہ میں ایک کمرشل عمارت دھماکے کے باعث منہدم ہوئی، جس میں 17 افراد جاں بحق اور 16 زخمی ہوئے، جبکہ جولائی 2025 میں بغدادی، لیاری میں ایک اور بڑے سانحے میں 27 افراد جاں بحق ہوئے۔ فروری 2026 میں سولجر بازار میں گیس کے دھماکے سے عمارت گرنے کے واقعے میں 15 افراد جاں بحق ہوئے۔ اسی طرح اکتوبر 2011 میں کھڈا مارکیٹ، لیاری میں عمارت گرنے سے 18 افراد جان کی بازی ہار گئے، جبکہ جولائی 2017 میں لیاقت آباد میں ایک چار منزلہ عمارت کے انہدام میں 15 افراد جاں بحق ہوئے۔

یہ سانحات صرف ماضی کی کہانی نہیں ہیں، بلکہ شہر میں اب بھی سیکڑوں عمارتیں گرنے کے خطرے سے دوچار ہیں۔ سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایس بی اے) کے سروے کے مطابق کراچی میں 500 سے زائد عمارتیں انتہائی مخدوش قرار دی گئی ہیں اور انہیں ناقابل رہائش کہا گیا ہے۔ ان میں سے زیادہ تر عمارتیں اولڈ سٹی ایریا اور لیاری جیسے پرانے علاقوں میں واقع ہیں۔ یہ صورتحال شہر میں تعمیراتی قوانین کے نفاذ، ناقص تعمیرات اور مخدوش عمارتوں کو خالی کرانے میں انتظامی ناکامیوں کی عکاسی کرتی ہے، جس کی وجہ سے شہریوں کی جان و مال کو مسلسل خطرات لاحق ہیں۔

عمارت منہدم ہونے کے بعد انتظامیہ کو ہوش آگیا، اطراف کی 12 عمارتیں سیل



کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے ساؤتھ ڈسٹرکٹ کے علاقے بلوچ کالونی ایڈمن سوسائٹی میں زیر تعمیر 6 منزلہ غیر قانونی عمارت منہدم ہونے پر انتظامیہ حرکت میں آگئی ہے۔ کشمر کراچی (باقی صفحہ نمبر 12 بقیہ 12)

کراچی، عمارت منہدم، وزیر داخلہ ضیاء النجار اور آئی جی سندھ کی امدادی کارروائیاں تیز، زندگی ہدایت



کراچی (رپورٹ عامر ستار) بلوچ کالونی میں عمارت گرنے کے واقعے کے بعد آئی جی سندھ جاوید جائے وقوعہ پہنچے اور امدادی کارروائیوں کا جائزہ لیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

عالم اوجو نے متعلقہ پولیس افسران کو فوری طور پر ملازمین اور کاروبار کے مواقع ملیں گے۔انہوں

پولیس کی اتحاد ٹاؤن میں کارروائی، ملزم گرفتار، پستول برآمد

گرفتار ملزم کی شناخت شارک کے نام سے ہوئی ہے، اتحاد ٹاؤن سے حراست میں لیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ضلع کیماڑی میں اتحاد ٹاؤن پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

غیر قانونی کال سینٹر، 5 ملزمان کے جعلی اکاؤنٹس میں اربوں روپے کی ٹرانزیکشن کا انکشاف

فراڈ کی رقم سے خریدی گئی تین گاڑیاں بھی تحویل میں لے لی گئیں، عدالت نے ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں 27 نومبر تک توسیع کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) غیر ملکی شہریوں کو جعلی میڈیکل انشورنس بلز بنا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

بلاول بھٹو زرداری کا فضل الرحمن سے رابطہ، پولیس محاصرے کیخلاف اظہار یکجہتی



کراچی (اسٹاف رپورٹر) جیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا، گفتگو کے دوران (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)



کراچی: ایف آئی اے کی کارروائی میں گرفتار ملزمان اور ان کے قبضے سے برآمد کیے گئے جعلی آلات

6 منزلہ عمارت منہدم، سندھ رینجرز کی بروقت امدادی کارروائیاں



کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلوچ کالونی پل کے قریب حال ہی میں تعمیر ہونے والی 6 منزلہ عمارت | ہولناک منہدم ہوگئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی | پاکستان رینجرز سندھ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

بلوچ کالونی عمارت حادثہ، ایم کیو ایم پاکستان کی شدید مذمت، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

29 نومبر کو کراچی میں سیاسی میدان گرم، ایم کیو ایم بھی شاہراہ فیصل پر نکلے گی

عمارتوں کا گرنا متعلقہ بلڈنگ کنٹرول اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، ملبے تلے دبے افراد کو بحفاظت نکالنے کیلئے امدادی کارروائیاں تیز کی جائیں، فاروق ستار

ریلی اور جلسے کے انعقاد کے لیے ایم کیو ایم پاکستان نے کشمرکراچی کو باضابطہ درخواست دے دی، ضروری انتظامات اور سیکورٹی تعاون فراہم کرنے کی بھی استدعا

معاملے پر ایم کیو ایم پاکستان نے بھی سیاسی سرگرمی | تیز کرتے ہوئے 29 نومبر کو شاہراہ فیصل پر ریلی | نکالنے کا اعلان کردیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

یوکرین کے تیل تنصیبات پر حملوں کا جوابی اقدام نہ کرنے پر، روسی صدر

ماسکو (رائٹرنگ ڈیسک) روسی صدر ولادیمیر پیوٹن نے کہا ہے کہ یوکرین کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

اورنگی ٹاؤن میں غیرت کے نام پر قتل کا مرکزی ملزم گرفتار

ملزم کی اہلیہ کو گرفتار کیا جاچکا ہے، گرفتار ملزم کا دوران تفتیش اعتراف جرم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اورنگی ٹاؤن میں غیرت کے نام پر قتل کے مقدمے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

افغانستان میں مسلح مزاحمت مزید تیز، متعدد طالبان ہلاک و زخمی

کابل (رائٹرنگ ڈیسک) افغانستان کے مختلف صوبوں میں طالبان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

سندھ یوتھ کارڈ کے نوجوانوں کو ملازمتوں اور کاروبار کے مواقع ملیں گے، وزیر اعلیٰ سندھ

پارٹی کارڈ کے بعد یوتھ کارڈ کا اجرا سندھ حکومت کا انقلابی قدم ہے، سندھ یوتھ کارڈ نوجوانوں کو بینکنگ، ڈیجیٹل سہولیات

اور مالی معاونت تک رسائی دیگا، ابتدائی مرحلے میں ایک لاکھ نوجوان سندھ یوتھ کارڈ سے مستفید ہوسکیں گے، صوبائی وزیر

کراچی (رپورٹ محمد قیصر) سندھ کے سینئر وزیر اور وزیر اطلاعات شرجیل میمن نے کہا کہ سندھ یوتھ کارڈ نوجوانوں کو باعزت روزگار، تربیت، ملازمتوں اور کاروبار کے مواقع ملیں گے۔انہوں

نے کہا کہ پارٹی کارڈ کے بعد یوتھ کارڈ کا اجرا سندھ حکومت کا انقلابی قدم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

سول لائن پولیس کی کارروائی، منشیات فروش گرفتار

22 گرام آئس برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تھانہ سول لائن پولیس نے منشیات فروشی کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزم عثمان عرف ملہ ہدایت خان کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 22 گرام آئس برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کا سابقہ کریمنل ریکارڈ بھی سامنے آیا ہے، جس کے تحت اس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

ایم کیو ایم 29 نومبر کو اپنے جلسے کی تاریخ یا جگہ تبدیل کرے، سعید غنی



قادر مگسی نے پہلے جلسے کا اعلان کیا اس کے بعد ایم کیو ایم نے کیا، پرامن سیاسی جلسے کے حق سب کو ہے، پیپلز پارٹی کسی

کو جلسے کرنے سے روک نہیں سکتی، ہم نے کبھی بنیادی اور ایم کیو ایم سمیت قوم پرستوں سے رابطہ کیا ہے، صوبائی وزیر محنت

کراچی (رپورٹ ارشاد عالم) صوبائی وزیر محنت سعید غنی نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم نے درخواست دی ہے کہ 29 نومبر کو ایک جلسے کی تاریخ یا جگہ تبدیل کرے، کراچی میں پرامن سیاسی جلسے کرنے کا حق سب کو ہے، پیپلز پارٹی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

سعید غنی نے کہا کہ پرامن سیاسی جلسے کرنے کا حق سب کو ہے، پیپلز پارٹی کسی کو جلسے کرنے سے نہیں روکتی

ڈیفنس میں پولیس مقابلہ، 6 مبینہ ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

پولیس نے فائرنگ، عزیز بھٹی، نارتھ ناظم آباد اور اورنگی ٹاؤن میں کارروائیاں کیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تھانہ عزیز بھٹی کے مختلف علاقوں میں پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے مبینہ پولیس مقابلوں کے دوران 6 ملزمان کو زخمی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

کراچی، پانچ ہزار روپے کے جعلی نوٹوں سے شہری کو لاکھوں روپے کا چونا

موبائل فون خریدنے والے ملزمان نے نوجوان کو 2 لاکھ 60 ہزار روپے کے جعلی نوٹ تھمادیے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں پانچ ہزار روپے کے جعلی کرنسی نوٹوں کے ذریعے شہری سے | ملزمان نے سمیت فرار ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

خیبر پور سے ریسکیو کی گئی نایاب نایئنا بائیسڈ ڈالفن دریائے سندھ میں بحفاظت چھوڑ دی گئی

سکھر (اسٹاف رپورٹر) دریائے سندھ کی نایاب نایئنا بائیسڈ ڈالفن کو خیر پور کے علاقے سے ریسکیو کرنے کے بعد بحفاظت دوبارہ دریائے سندھ میں چھوڑ دیا گیا۔ ریسکیو حکام نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ڈالفن کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

کیٹی بندر میں مقامی ماہی گیروں اور ٹرالرز کے درمیان تنازع حل کرنے کے لیے اہم فیصلے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کیٹی بندر میں مقامی ماہی گیروں اور ٹرالرز برادرانچوں کے درمیان کشیدہ پیدا ہونے والے تنازع کے حل کے لیے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ فشریز محمد علی ملکانی کی زیر صدارت اہم اجلاس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

کراچی، دو روز کرنے کے باوجود لاپتہ 13 سالہ طالبعلم نہ مل سکا

چھٹی جماعت کا طالبعلم اسکول سے گھر واپس آنے کے بعد باہر کھیلنے گیا تو لاپتہ ہوگیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے علاقے سعدی ٹاؤن سے دو روز قبل لاپتہ ہونے والا 13 سالہ طالبعلم انعام اللہ تاحال تلاش نہیں کیا جاسکا۔ بچے کی گمشدگی کے باعث (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

سندھ میں 29 نومبر کو بلدیاتی انتخابات کیلئے حتمی انتظامات کا جائزہ

29 نومبر کو کراچی میں 2 ہزار 236 پولنگ اسٹیشنز قائم کیے جائیں گے، 1 کروڑ 20 لاکھ ووٹرز اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے بلدیاتی انتخابات کیلئے حتمی انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے الیکشن کمیشن سندھ کا اجلاس ہوا، جس میں ممبر الیکشن کمیشن سندھ نثار احمد کھوڑو نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل الیکشن کمیشن سندھ، ڈائریکٹر جنرل لوکل گورنمنٹ، ڈائریکٹر جنرل بلدیات، ڈائریکٹر جنرل ایجوکیشن، ڈائریکٹر جنرل ایس اینڈ جی ڈی، ڈائریکٹر جنرل ریونیو بورڈ



روزنامہ تشکر کراچی
چیف ایڈیٹر مسز شمیل منصور
تشکر نیوز
چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن رپورٹ پلیس B-1/3-III فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059 roznamatashakur786@gmail.com

ایف بی سی اے کو وزیر اعلیٰ یا وزیر نے نہیں عدالت نے روکا تھا

ایڈمن سوسائٹی میں عمارت منہدم، ملبے تلے دبے افراد کا بحفاظت انخلا اولین ترجیح ہے، میئر کراچی

مرتضیٰ وہاب

بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کو وزیر اعلیٰ یا وزیر نے نہیں عدالت نے روکا تھا، بلڈنگ کی غیر قانونی تعمیرات میں ملوث کچھ افراد کو گرفتار کیا ہے، میڈیا سے گفتگو







کراچی (رپورٹ: فرحان سلیم) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے عمارت گرنے کے مقام کا دورہ کرنے کے دوران میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ غیر قانونی عمل کہیں بھی ہو، وہاں بلڈنگ اتھارٹی کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، عمارت گرانے کا کام اس لیے نہیں کر سکتے کہ عدالت کا حکم امتناعی ہے، مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کو وزیر اعلیٰ یا وزیر نے نہیں عدالت نے روکا تھا، بلڈنگ کی غیر قانونی تعمیرات میں ملوث کچھ افراد کو گرفتار کیا ہے، میئر کراچی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ اور دیگر بلدیات سے بھی بات کروں گا، وعدہ آپ سے کرتا ہوں کہ تحقیقات کیے جائیں، کوئی شخص یا ادارہ پشت پناہی کر رہا ہے تو ایسا نہیں ہونا چاہیے، کمشنر کراچی حسن نقوی نے کہا کہ شہر میں شفرائک عمارتوں کے حوالے سے اطلاعات ہیں، زیر تعمیر بلڈنگ بھی شفرائک ثابت ہو رہی ہیں، تحقیقات کے بعد ملوث افراد کے خلاف کارروائی ہوگی، خیال رہے کہ کراچی ریسکیو حکام کے مطابق عمارت کے ملبے سے 19 افراد کو نکالنے کے لیے متعلقہ علاقے کی 6 مختلف ایمبولینسز کو روانہ کیا گیا تھا، مطابق حادثے میں زخمی 14 افراد کو جناح اسپتال لایا گیا جن میں سے 9 زخمیوں کو طبی امداد کے بعد ڈسچارج کر دیا گیا، زخمی 5 افراد ہی علاج میں زیر علاج ہیں۔

گرنے والی عمارت 600 گز کے پلاٹ پر تعمیر کی گئی تھی، عمارت میں کوئی رہائشی پذیر نہیں تھا، مزدور کام کر رہے تھے۔ دوسری جانب ڈپٹی کمشنر ملیر اور ڈائریکٹر ایسٹ ایمرجنسی سروسز ایمرجنسی آپریشن کی نگرانی کر رہے تھے، ریسکیو حکام کے مطابق عمارت کے ملبے سے 19 افراد کو نکالا گیا، 14 افراد کو جناح اسپتال منتقل کیا گیا جن میں سے 9 زخمیوں کو طبی امداد کے بعد ڈسچارج کر دیا گیا، 5 افراد ہی زیر علاج ہیں۔



عمارت منہدم ہونے کے مقام کا دورہ کرنے اور جاری ریسکیو آپریشن کا معائنہ کرتے ہوئے ایڈیشنل کمشنر سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر میئر کراچی پولیس کمشنر کو ملبے کے اطراف موجود تمام افراد کی محفوظ انخلا کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ میئر کراچی نے کہا کہ ریسکیو آپریشن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مکمل ہم آہنگی کے ساتھ کام کر رہے ہیں، جدید ترین آلات اور تربیت یافتہ عملہ کو بروئے کار لایا جائے، انہوں نے واضح کیا کہ ریسکیو آپریشن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مکمل ہم آہنگی کے ساتھ کام کر رہے ہیں، جدید ترین آلات اور تربیت یافتہ عملہ کو بروئے کار لایا جائے۔

میئر کراچی نے متعلقہ ادارے کے افسران کو ہدایت کی کہ ریسکیو آپریشن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مکمل ہم آہنگی کے ساتھ کام کر رہے ہیں، جدید ترین آلات اور تربیت یافتہ عملہ کو بروئے کار لایا جائے، انہوں نے واضح کیا کہ ریسکیو آپریشن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مکمل ہم آہنگی کے ساتھ کام کر رہے ہیں، جدید ترین آلات اور تربیت یافتہ عملہ کو بروئے کار لایا جائے۔

خواتین پر تشدد کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر ایس ڈی پی او پولیس اور عیسیٰ لیب کے اشتراک سے آگاہی واک



کراچی (اسٹاف رپورٹر) خواتین پر تشدد کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر ایس ڈی پی او پولیس اور ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری ایڈ ڈائگناسٹک سینٹر کے اشتراک سے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ واک میں پارک بلاک 6 بی ایچ ای سی اسکیم کراچی میں منعقد ہوئی، جس میں خواتین پولیس افسران، لیڈی ہیلتھ ورکرز اور ڈاکٹر عیسیٰ لیب کی فرنٹ لائن ورکرز، معذور افراد، صدیقی سمیت خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایس ڈی پی او ایسٹ زون ڈاکٹر فرخ علی کے علاوہ زون اور ایسٹ زون کی دیگر خواتین افسران اور ایس ایچ اوز نے بھی شرکت کی اور خواتین پر ہونے والے مختلف قسم کے تشدد کے خلاف آگاہی کے حوالے سے اظہار خیال کیا۔ خواتین کو محفوظ ماحول فراہم کرنا اور ان کے حقوق کا تحفظ پولیس کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری ایڈ ڈائگناسٹک سینٹر کی چیف آپریٹنگ آفیسر ڈاکٹر نازیہ فرحان عیسیٰ نے بھی واک میں خصوصی شرکت کی اور خواتین کے تحفظ کے لیے سندھ پولیس کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے ایک اہم پیشرفت قرار دیا۔ اس موقع پر ایس ڈی پی او ایسٹ زون ڈاکٹر فرخ علی نے کہا کہ ''رسائی'' ٹیم کا بنیادی مقصد خواتین کو بنگامی صورتحال میں فوری مدد اور تحفظ فراہم کرنا ہے۔ خواتین کسی بھی ایمرجنسی یا مشکل صورتحال میں پولیس ہیلپ لائن 15 پر کال کریں، ان کی کال کو پہلی ترجیح دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کے ذریعے خواتین کو ایسا محفوظ پلیٹ فارم فراہم کیا جا رہا ہے جہاں وہ بغیر کسی خوف یا ہچکچاہٹ اپنی مشکلات اور خدشات بیان کر سکیں۔ ڈی آئی جی ایسٹ زون ڈاکٹر فرخ علی نے اپنے پیغام میں کہا کہ ''محفوظ خواتین محفوظ معاشرہ'' ہمارا نعرہ ہے۔ ایسٹ زون پولیس خواتین کے تحفظ، ان کے حقوق کے دفاع اور تشدد و ہراسانی کے واقعات کی روک تھام کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ خواتین کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے پولیس اور معاشرے کے تمام طبقات کے درمیان تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا۔



کمشنر کراچی کا ڈپٹی کمشنر وسطی طحہ سلیم کو بہترین کارکردگی پر ایوارڈ دینا



کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے ڈپٹی کمشنر وسطی طحہ سلیم کو بہترین کارکردگی پر ایوارڈ سے نوازا۔ کمشنر کراچی کے مطابق ڈپٹی کمشنر اور ان کی ٹیم نے بہترین کارکردگی دکھائی، ڈپٹی کمشنر وسطی طحہ سلیم کو بہترین کارکردگی پر ایوارڈ دیا گیا، ایسے ہی جذبے کے ساتھ کام کرتے رہیں، ڈپٹی کمشنر وسطی طحہ سلیم نے کہا کہ ایوارڈ ملنے پر خوشی ہوئی، ایوارڈ ٹیم کی کاوشوں کا نتیجہ ہے، ٹیم کے ہر فرد کا شکریہ ادا کرتا ہوں، ایوارڈ ملنے سے ذمہ داری بڑھ گئی ہے، بہتر سے بہتر کام کرتے رہیں گے۔

فریال تالپور کی زیر صدارت سندھ اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ماحولیات کا اہم اجلاس



کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ماحولیات اور موسمیاتی تبدیلی کا اجلاس چیئرپرسن فریال تالپور کی زیر صدارت سندھ اسمبلی کیمپ آفس حیدرآباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبے میں ماحولیات کی روک تھام، ماحولیاتی اداروں میں ماحولیات کے استحکام، ماحولیات کنٹرول کی خصوصی عدالتوں، فرانک سائنس لیبارٹری اور گاڑیوں کے فٹنس سے متعلق اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ چیئرپرسن فریال تالپور نے کہا کہ ماحولیات کے بڑھتے ہوئے رجحان کی روک تھام کے لیے متعلقہ محکمے اور ضلعی حکومتیں مقامی سطح پر ٹھوس اور عملی اقدامات یقینی بنائیں، اور تعلیمی اداروں میں ماحولیات کے استحال کی روک تھام کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں، انہوں نے کہا کہ ماحولیات کے تحفظ کو ہر شہری کی ذمہ داری سمجھنا ہوگا، ماحولیات کے تحفظ کے لیے پولیس اور محکمہ ماحولیات کو مشترکہ حکمت عملی تشکیل دینا ہوگی، ماحولیات کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

بقیہ روزنامہ تشکر 1

کوارٹر سیمی فینل کراس کرسکتا، کامیاب کھلاڑیوں کا اعزاز میں ظہرانہ

جذبات کا اظہار کیا، کہا کہ کھلاڑی سخت دباؤ کے باوجود جس طرح ڈٹ کر کھیلے وہ قابلِ تعریف ہے، ہمیں ان پر فخر ہے، ہم ان کی ہر ممکن مدد کریں گے، ہماری دعائیں ان کے ساتھ ہیں۔ ظہرانے کے موقع پر کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی گئی اور انہیں مستقبل کے لیے نیک تمنائیں پیش کی گئیں۔

ایس ایس ایف کے زیر اہتمام ٹیبل ٹینس ٹورنامنٹ کا فائنل آج ہوگا

کراچی (پریس ریلیز) سندھ سیکنڈری اسکول فٹبال ایسوسی ایشن (ایس ایس ایف) کے زیر اہتمام ٹیبل ٹینس ٹورنامنٹ کا فائنل آج ہوگا۔ ٹورنامنٹ میں مختلف اسکولوں کے 32 کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔ ٹورنامنٹ کے ڈائریکٹر عابد علی نے میڈیا کو بتایا کہ ٹورنامنٹ کے فائنل کے علاوہ 24 اور 25 نومبر کو ایس ایس ایف کے زیر اہتمام ہی ٹیبل ٹینس کے ٹورنامنٹ ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹورنامنٹ کے فائنل کے علاوہ 24 اور 25 نومبر کو ایس ایس ایف کے زیر اہتمام ہی ٹیبل ٹینس کے ٹورنامنٹ ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹورنامنٹ کے فائنل کے علاوہ 24 اور 25 نومبر کو ایس ایس ایف کے زیر اہتمام ہی ٹیبل ٹینس کے ٹورنامنٹ ہوں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

مقابلہ پر موجود رہیں گے، کوکرتوں اور ترپتی شیروں کی فٹبال ٹیمیں بھی کھیل کے میدان میں اپنے جوہر دکھائیں گی، کمپنیوں کو بھی جلوہ گر ہونے کا موقع ملے گا، جبکہ شہر کے دیوار و در پر بھی رنگا رنگ کھیلوں کی رونق ہوگی، ہر ٹاؤن کی ٹیم کو ایک ایک گراؤنڈ الاٹ کیا گیا ہے، ٹورنامنٹ کے دوران ہر ٹاؤن کی ٹیم کے 11 کھلاڑی میدان میں اتریں گ